فضیل : آپ کے والد کی حالت (طبیعت) کیسی ہے؟

جنید : وہ بھی خیریت سے ہیں۔
فضیل : آپ کہاں جارہے ہیں؟
جنید : میں مسجد جارہاہوں اور آپ (کہاں جارہے ہیں)؟
فضیل : میں بھی مسجد جارہاہوں۔
جنید : آپ مسجد کیوں جارہے ہیں؟
فضیل : میں نماز عصر اداکرنے جارہاہوں اور آپ (کیوں جارہیں ہیں)؟
جنید : میں بھی نماز عصر اداکرنے جارہاہوں۔
فضیل : آپ کے ہاتھ میں کیاہے؟
جنید : یہ اللہ کی کتاب ہے اور وہ بابرکت ہے۔

عربی بناؤ: لِمَنْ هٰذَاالْكِتَابُ؟هٰذَاالْكِتَابُ لِيْ•مَا إِسْمُ هٰذَاالْكِتَابِ؟ إِسْمُهٗ مِفْتَاحُ الْعَرَبِيَّةِ •هَلْ أَنْتَ ذَاهِبٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ؟ نَعَمْ:أَنَا ذَاهِبٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ وَأَنْتَ ؟ أَنَا ذَاهِبٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ أَيْضًا•أَنَا ذَاهِبٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ لِلْقِرَاءَةِ• لِمَاذَا أَنْتَ ذَاهِبٌ إِلَى الْمَسْجِدِ؟ أَنَا ذَاهِبٌ لِأَدَاءِ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ•أَكُلُّ فَصْلٍ مُعْتَدِلٌ ؟ لَا،كُلُّ فَصْلٍ لَيْسَ بِمُعْتَدِلٍ• اَلْوُضُوْءُ بَعْدَ الْوُضُوْءِ نُوْرٌ•

درس (۲۲)

هَاتِفٌ جَوَّالٌ

حَيَوَانٌ	لَبُوْنٌ	حَيَوَانٌ لَبُوْنٌ
طَائِرٌ	جَمِيْلٌ	طَائِرٌ جَمِيْلٌ
مَطَارٌ	رَائِعٌ	مَطَارٌ رَائِعٌ
سِتْرٌ	جَمِيْلٌ	سِتْرٌ جَمِيْلٌ
دَارِسٌ	اِسْلَامِيٌّ	دَارِسٌ اِسْلَامِيٌّ

بَقَرٌ	سَمِيْنٌ	بَقَرٌ سَمِيْنٌ

اَلْبَقَرُ/اَلْجَامُوسُ ،حَيَوَانٌ لَبُوْنٌ•اَلْهُدْهُدُ طَائِرٌ جَمِيْلٌ بَدِيْعٌ •خَالِدٌ دَارِسٌ اِسْلَامِيٌّ /قَوْمِيٌّ•حَسَنٌ وَلَدٌ ذَكِيٌّ مُجْتَهِدٌ نَظِيْفٌ•

عَاقِلٌ وَلَدٌ مُجْتَهِدٌ وَكُلُّ مُجْتَهِدٍ مَحْبُوْبٌ وَنَاجِحٌ وَلَهٗ عِزَّةٌ •وَسِيْمٌ وَلَدٌ كَسْلَانُ وَالْوَلَدُ الْكَسْلَانُ سَاقِطٌ فِيْ كُلِّ شُغْلٍ•

موبائل فون

ترجمہ: *۔جانور۔ دودھ والا۔ دودھ والا جانور۔ پرندہ۔ خوبصورت۔ خوبصورت پرندہ ۔ایئر پورٹ (ہوائی اڈہ)۔ خوشنما۔ خوشنما ایئر پورٹ۔ پردہ۔ خوبصورت۔ خوبصورت پردہ۔ ریسرچ اسکالر۔ اسلامی۔ اسلامی ریسرچ اسکالر۔ گائے۔ موٹی۔ موٹی گائے۔*

گائے/بھینس، دودھ والا جانور ہے۔ ہدہد خوبصورت انوکھا پرندہ ہے۔ خالد اسلامی /عوامی نیشنل ریسرچ اسکالر ہے۔ حسن ذہین، محنتی اور صاف ستھرا لڑکا ہے۔

عاقل محنتی لڑکا ہے ، ہر محنتی پیارا ہے اور کامیاب ہے اور اس کے لیے عزت ہے۔ وسیم سست لڑکا ہے اور سست لڑکا ہر کام میں فیل ہے۔

جوابات: نَعَمْ:هٰذَا وَلَدٌ ذَكِيٌّ• نَعَمْ:هٰذَاالْوَلَدُ ذَكِيٌّ• نَعَمْ:اَلْبَبْغَاءُ طَائِرٌجَمِيْلٌ• نَعَمْ:أَنَا رَجُلٌ هِنْدِيٌّ• اَلْكَلْبُ حَيَوَانٌ نَابِحٌ• وَلَدٌ مُجْتَجِدٌ نَاجِحٌ•وَلَدٌ كَسْلَانُ سَاقِطٌ•(سوال :أَيُ وَلَدٍ مَحْبُوْبٌ؟) وَلَدٌ مُجْتَهِدٌ مَحْبُوْبٌ•

عربی بناؤ

طَعَامٌ حَارٌّ• مَاءٌ بَارِدٌ•بَقَرٌسَمِيْنٌ•شَاةٌ هَزِيْلَةٌ •بَقَرٌ هَزِيْلٌ•فَصْلٌ حَارٌّ •فَصْلٌ بَارِدٌ• بِنْتٌ زَكِيَّةٌ •فَصْلٌ مُعْتَدِلٌ•مَاءٌ نَظِيْفٌ•بَقَرٌ أَبْيَضُ•جَامُوْسٌ أَسْوَدُ•بَيْتٌ وَاسِعٌ •كَلْبٌ وَفِيٌّ• رَجُلٌ صَالِحٌ•رَجُلٌ مُسْلِمٌ•حَيَوَانٌ وَفِيٌّ•

اَلْكَلْبُ حَيَوَانٌ وَفِيٌّ•اَلْحَيَوَانُ الْوَفِيُّ مَحْبُوْبٌ• هٰذَا دَارِسٌ إِسلَامِيٌّ •

دَارِسٌ اِسْلَامِیٌّ ذَکِیٌّ•اَلْتِّلْمِیْذُالْمُجْتَھِدُ مَحْبُوْبٌ• اَلتِّلْمِیْذُالْکَسْلَانُ مَذْمُوْمٌ •ھٰذَا شَیْئٌ عَجِیْبٌ•کُلُّ جَدِیْدٍ لَذِیْذٌ•خَالِدٌ وَلَدٌمُجْتَھِدٌ وِلَہٗ عِزَّۃٌ فِیْ الْبَیْتِ وَالْمَدْرَسَۃِ •ھٰذَاالطَّالِبُ ذَکِیٌّ وَذٰلِکَ الطَّالِبُ غَبِیٌّ •

درس (۲۳)

وَلَدُکَ ھٰذَا •حَدِیْثُکَ ھٰذَا صَوَابٌ•ھٰذَا کِتَابُکَ •ھٰذَا ھُوَ کِتَابُکَ• ھٰذَا قَمِیْصُکَ• ھٰذَا ھُوَا قَمِیْصُکَ • سَیْفُکَ حَدِیْدٌ • وَلَدُکَ الْکَبِیْرُ صَالِحٌ •

ھٰذَا صَانِعُ الْھِنْدِ الْمَعْرُوْفُ• وَلَدُ الْعَالِمِ الصَّغِیْرُ حَاضِرٌ• وَالِدُ الْعَالِمِ الصَّالِحِ صَالِحٌ•ھٰذَاالتِّیْنُ لَذِیْذٌ جِدًّا •اَلْأَبُ الْکَبِیْرُ لِھٰذَا الْوَلَدِ غَائِبٌ • وَالْخَالُ الصَّغِیْرُ لَہٗ حَاضِرٌ لَا غَائِبٌ•

ترجمہ:۔ تیرا یہ لڑکا۔ تیری یہ بات درست ہے۔ یہ تیری کتاب ہے۔ یہی تیری کتاب ہے۔ یہ تیرا کرتا ہے۔ یہی تیرا کرتا ہے۔ تیری تلوار تیز ہے۔ تیرا بڑا لڑکا نیک ہے۔

یہ ہندوستان کا مشہور کاریگر ہے۔ عالم کا چھوٹا لڑکا موجود ہے۔ نیک عالم کے باپ نیک ہیں۔ یہ انجیر بہت مزیدار ہے۔ اس لڑکے کے بڑے ابّا غائب ہیں۔ اس کے چھوٹے ماموں موجود ہیں غائب نہیں۔

جوابات

سَیْفِی ھٰذَا حَدِیْدٌ• نَعَمْ: ھٰذَا ھُوَ قَمِیْصِی• وَلَدِی الْکَبِیْرُ صَالِحٌ• وَلَدُ الْعَالِمِ الصَّغِیْرُ حَاضِرٌ•

عربی بناؤ

بِنْتُکَ ھٰذِہٖ• بِنْتُکَ ھٰذِہٖ جَمِیْلَۃٌ• ھٰذَا عَمِّی•ھٰذَا سَیْفُکَ•ھٰذَا ھُوَ سَیْفِی •ھٰذَا السَّیْفُ لِی•وَلَدُ الْعَالِمِ الْکَبِیْرُ صَالِحٌ•وَلَدُ خَالِی الصَّغِیْرُ غَبِیٌّ•بَیْتُ

عَمِّکَ الْجَدِیْدُ جَمِیْلٌ•ھٰذَا تِیْنٌ• ھٰذَاالْحَدِیْثُ صَوَابٌ• ھٰذَا ھُوَ حَقٌّ• ھٰذَا قَلَمُکَ•ھٰذَا ھُوَ کِتَابُکَ•ھٰذَا کِتَابُکَ•ھٰذَا الْکِتَابُ لَکَ•بِنْتُ الْمَرْأَۃِ الصَّالِحَۃِ صَالِحَۃٌ•بِنْتُ الْمُعَلِّمَۃِ الصَّغِیْرَۃُ زَکِیَّۃٌ•وَلَدُ الرَّجُلِ الذَّکِیِّ ذَکِیٌّ•

درس (۲۴)تمرینی

اَللِّقَاءُ عَلیٰ مَحَطَّۃِ بَرِیْلِي

اِبْرَاھِیْمُ: مَااِسْمُکَ یَاشَیْخُ!

اِسْمَاعِیْلُ: اِسْمِيْ اِسْمَاعِیْلُ وَمَا اِسْمُکَ یَا شَابُّ ؟

اِبْرَاھِیْمُ: اِسْمِيْ اِبْرَاھِیْمُ مِنْ أَیْنَ قَادِمٌ یَاشَیْخُ؟

اِسْمَاعِیْلُ: أَنَا قَادِمٌ مِنْ دِھْلِيْ وَأَنْتَ یَا شَابُّ ؟

اِبْرَاھِیْمُ: أَنَا قَادِمٌ مِنْ لَکْنَاؤ•

اِسْمَاعِیْلُ: أَیْنَ بَیْتُکَ یَا شَابُّ؟

اِبْرَاھِیْمُ: بِیْتِيْ فِيْ حَيِّ سَوداَجَرَان فِيْ شَارِعِ اَعلیٰ حضرت •وَأَیْنَ بَیْتُکَ یَا شَیْخُ؟

اِسْمَاعِیْلُ: بَیْتِيْ فِيْ حَيِّ الْقَلْعَۃِ الْمَعْرُوْفِ•

اِبْرَاھِیْمُ: أَھُوَ قَرِیْبٌ مِنَ الْمَعْبَدِ الْھِنْدُوْکِيِّ ؟

اِسْمَاعِیْلُ: لَا،بَلْ ھُوَ قَرِیْبٌ مِّنَ الْجَامِعِ •

میری مشق
بریلی اسٹیشن پر ملاقات

ترجمہ:

ابراہیم : اے بزرگ! آپ کا نام کیا ہے؟

اسماعیل : میرا نام اسمعیل ہے اور آپ کا نام کیا ہے اے نوجوان!

ابراہیم : میرا نام ابراہیم ہے اے بزرگ! آپ کہاں سے تشریف لا رہے ہیں؟

اسماعیل : میں دہلی سے آرہا ہوں اور آپ (کہاں سے آرہے ہیں؟) اے نوجوان!

ابراہیم : میں لکھنؤ سے آرہا ہوں۔

اسماعیل : آپ کا گھر کہاں ہے؟ اے نوجوان!

ابراہیم : میرا گھر اعلیٰ حضرت روڈ پر محلہ سوداگران میں ہے اور آپ کا گھر کہاں ہے؟ اے بزرگ!

اسماعیل : میرا گھر مشہور قلعہ والے محلہ میں ہے۔

ابراہیم : کیا وہ مندر سے قریب ہے؟

اسماعیل : نہیں۔ بلکہ وہ جامع مسجد سے قریب ہے۔

اَللِّقَاءُ عَلیٰ مَطَارِ دِهْلِيْ

اَمِیْر : إِلیٰ أَیْنَ أَنْتَ مُسَافِرٌ ؟

بَشِیْر : أَنَا مُسَافِرٌ إِلیٰ مَكَّةِ الْمُكَرَّمَةِ وَأَنْتَ؟

امیر : أَنَا مُسَافِرٌ إِلیٰ لَنْدَنْ •

بشیر : لِمَاذَا أَنْتَ مُسَافِرٌ إِلیٰ لَنْدَنْ ؟

امیر : لِتَعَلُّمِ اللُّغَةِ الاِنْجِیْلِیْزِیَّةِ وَأَنْتَ؟

بشیر: لِأَدَاءِ فَرِيْضَةِ الْحَجِّ•

دہلی ایئرپورٹ پر ملاقات

امیر : آپ کہاں جارہے ہیں؟
بشیر : میں مکہ مکرمہ جارہاہوں اور آپ؟(کہاں جارہے ہیں)
امیر : میں لندن جارہاہوں۔
بشیر : آپ لندن کیوں جارہے ہیں؟
امیر : میں انگریزی زبان سیکھنے کے لیے جارہاہوں اور آپ؟(کیوں جارہے ہیں)
بشیر : میں فریضہ حج اداکرنے جارہاہوں۔

عربی بناؤ

أَيْنَ بَيْتُکَ؟ يَا خَالِدُ ! بَيْتِی فِیْ حَیِّ الْجَامِعَةِ فِیْ شَارِعِ الْجَامِعِ•إِلٰی أَيْنَ أَنْتَ مُسَافِرٌ؟أَنَا مُسَافِرٌ إِلٰی مُوْمْبَائِیْ •مِنْ أَيْنَ أَنْتَ قَادِمٌ ؟يَا خَلِيْلُ! أَنَا قَادِمٌ مِنْ کَانْفُوْر• أَ اسْمُکَ خَالِدٌ ؟ نَعَمْ، اِسْمِیْ خَالِدٌ• مَااسْمُکَ يَا شَيْخُ! اِسْمِیْ جَلَالُ الدِّيْنِ أَحْمَدُ و اسْمُکَ يَا شَابُّ؟ اِسْمِیْ حَسَّانُ• مَا بِيَدِکَ؟ هٰذَا صِدَارِیْ•

درس (۲۵)

أَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَلِيْمٍ ؟بَلىٰ! اَللّٰهُ عَلِيْمٌ بِكُلِّ شَیْءٍ • أَلَيْسَ الْكَلْبُ بِحَيَوَانٍ وَفِيٍّ ؟ بَلىٰ! اَلْكَلْبُ حَيَوَانٌ وَفِيٌّ • أَلَيْسَ عَصِيْرُ الرُّمَّانِ بِمُفِيْدٍ ؟ بلیٰ! عَصِيْرُ الرُّمَّانِ مُفِيْدٌ • أَلَيْسَ هٰذَا الْوَلَدُ نَظِيْفٌ ؟ بَلىٰ! هٰذَا الْوَلَدُ نَظِيْفٌ • أَلَيْسَتْ هٰذِهِ التِّلْمِيْذَةُ مُهَذَّبَةٌ ؟ نَعَمْ: هٰذِهِ التِّلْمِيْذَةُ لَيْسَتْ بِمُهَذَّبَةٍ • مَا هِوَايَتُکَ يَا حَمَّادُ!؟ هِوَايَتِيْ الْقِرَاءَةُ وَالْكِتَابَةُ •مَاغِذَا ئُکَ الشَّهِيُّ ؟ غِذَائِي الشَّهِيّ سَمَکٌ •

ترجمہ: *۔ کیا اللہ تعالیٰ جاننے والا نہیں ہے؟ کیوں نہیں، اللہ تعالیٰ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ کیا کتا وفادار جانور نہیں ہے؟ کیوں نہیں، کتا وفادار جانور ہے۔ کیا انار کا جوس مفید نہیں ہے؟ کیوں نہیں، انار کا جوس مفید ہے۔ کیا یہ لڑکا صاف وستھرا نہیں ہے؟ کیوں نہیں، یہ لڑکا صاف وستھرا ہے۔ کیا یہ شاگردہ باتہذیب نہیں ہے؟ ہاں: یہ شاگردہ باتہذیب نہیں ہے۔ اے حماد! تیرا محبوب مشغلہ کیا ہے؟ میرا محبوب مشغلہ پڑھنا اور لکھنا ہے۔ آپ کی مرغوب غذا کیا ہے؟ میری مرغوب غذا مچھلی ہے۔*

جوابات

بَلىٰ!اَلْقُرْآنُ كِتَابٌ مُبَارَكٌ• بَلىٰ !فَصْلُ الشِّتَاءِ بَارِدٌ• بَلىٰ!اَلْبَبْغَاءُ طَائِرٌ جَمِيْلٌ•بَلىٰ!اَلْفَرَسُ حَيَوَانٌ صَاهِلٌ• بَلىٰ!اَلْحِمَارُ حَيَوَانٌ نَاهِقٌ• بَلىٰ! عَصِيْرُ التُّفَّاحِ مُفِيْدٌ• نَعَمْ:هٰذِهِ الْمَرْأَةُ لَيْسَتْ بِذَكِيَّةٍ•

عربی بناؤ

أَلَيْسَ عُنُقُ الْجَمَلِ بِطَوِيْلٍ؟ بَلىٰ! عُنُقُ الْجَمَلِ طَوِيْلٌ• أَلَيْسَ اللّٰهُ خَالِقٌ بِكُلِّ شَيْئٍ ؟ بَلىٰ! اَللّٰهُ خَالِقٌ بِكُلِّ شَيْئٍ •أَلَيْسَ الْوَرْدُ بِجَمِيْلٍ؟بَلىٰ! اَلْوَرْدُ جَمِيْلٌ• أَلَيْسَ الْمَوْزُ بِلَذِيْذٍ؟ بَلىٰ! اَلْمَوْزُ لَذِيْذٌ • أَلَيْسَ الْإِسْلَامُ بِدِيْنٍ حَقٍّ؟بَلىٰ! اَلْإِسْلَامُ دِيْنٌ حَقٌّ • اَلَيْسَ فَصْلُ الرَّبِيْعِ بِمُعْتَدِلٍ؟ بَلىٰ! فَصْلُ الرَّبِيْعِ مُعْتَدِلٌ•

هٰذَا لَيْسَ بِسِدْرٍ بَلْ هُوَ أَثْلٌ • هٰذَا لَيْسَ بِكَلْبٍ بَلْ ذٰلِكَ ثَعْلَبٌ • هٰذَا لَيْسَ بِطُوْبٍ بَلْ هُوَ حَجَرٌ •مَاهِوَايَتُكَ ؟ يَااِسْحَاقُ! هِوَايَتِى تِلَاوَةُ الْقُرْآنِ •

درس (۲۶) تمرینی

اَلْبَيْتُ الْحَرَامُ بِمَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ

هٰذَا بَيْتٌ • هٰذَا بَيْتٌ عَتِيْقٌ ،عَتِيْقٌ جِدًّا • هٰذَا اَوَّلُ بَيْتٍ فِي الْعَالَمِ • هٰذَا اَفْضَلُ بَيْتٍ مِّنْ كُلِّ بَيْتٍ ،لَيْسَ كَمِثْلِهٖ بَيْتٌ فِي الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ• فِيْهِ حَجَرٌ مُبَارَكٌ وَ لَوْنُهٗ أَسْوَدُ وَعَلىٰ هٰذَا الْبَيْتِ سِتْرٌ،سِتْرٌ جَمِيْلٌ وَلَهٗ بَابٌ ،بَابٌ وَاسِعٌ رَائِعٌ • هٰذَا الْبَيْتُ مَشْهُوْرٌ بِاِسْمِ الْكَعْبَةِ • اَلْكَعْبَةُ قِبْلَةُ الصَّلٰوةِ وَهِيَ لِعِبَادَةِ اللّٰهِ وَلَهَا مَنْزِلَةٌ رَفِيْعَةٌ • مِنِّي السَّلَامُ عَلَيْهَا وَعَلىٰ مُحِبِّهَا وَزَائِرِهَا إِلىٰ يَوْمِ الْجَزَاءِ •

میری مشق

کعبہ شریف مکہ مکرمہ میں

ترجمہ:۔ یہ گھر ہے۔ یہ بہت پرانا گھر ہے۔ یہ دنیا کا پہلا گھر ہے۔ یہ ہر گھر سے افضل ہے، عرب وعجم میں اس کی طرح کوئی گھر نہیں ہے، اس میں بابرکت پتھر ہے اور اس کا رنگ کالا ہے اور اس گھر پر ایک خوبصورت پردہ ہے، اس کا ایک کشادہ خوشنما دروازہ ہے۔ یہ گھر کعبہ کے نام سے مشہور ہے۔ کعبہ نماز کا قبلہ ہے اور یہ اللہ کی عبادت کے لیے ہے، اس کا مرتبہ بلند ہے۔ میری طرف سے اس پر، اس سے محبت کرنے والوں، زیارت کرنے والوں پر قیامت تک سلام ہو۔

جوابات

هٰذَا بَيْتٌ •هٰذَا اَلْبَيْتُ الْحَرَامُ • نَعَمْ:هُوَ بَيْتٌ عَتِيْقٌ •اَلْكَعْبَةُ أَوَّلُ بَيْتٍ • اَلْكَعْبَةُ أَفْضَلُ بَيْتٍ • (سوال: أَيُّ بَيْتٍ أَفْضَلُ فِي الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ ؟)

اَلْكَعْبَةُ أَفْضَلُ بَيْتٍ فِى الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ •

عربی بناؤ

هٰذَا سِتَارٌ • هٰذَاالسِّتَارُ جَمِيْلٌ •هٰذَا سِتَارٌ جَمِيْلٌ • هٰذَا بَيْتٌ •هٰذَا الْبَيْتُ رَائِعٌ •هٰذَا بَيْتٌ رَائِعٌ •هٰذَا شَاىٌ •هٰذَاالشَّاىُ حُلْوٌ •هٰذَا شَاىٌ حُلْوٌ • هٰذَا طَعَامٌ •هٰذَا طَعَامٌ حَارٌّ •هٰذَا الطَّعَامُ حَارٌّ •هٰذِهٖ بِنْتٌ •هٰذِهِ الْبِنْتُ مُهَذَّبَةٌ • هٰذِهٖ بِنْتٌ مُهَذَّبَةٌ •هٰذَا إِبْرِيْقٌ وَفِيْهِ مَاءٌ بَارِدٌ •فِيْهِ مَاءٌ حَارٌّ •هٰذَاالْكِتَابُ مُبَارَكٌ وَإِسْمُهٗ اَلْقُرْآنُ •هَذَاالْفَرَسُ لِهٰذَاالرَّجُلِ وَسَرْجُهٗ جَمِيْلٌ جِدًّا •

درس (۲۷)

مَنْ رَّبُّكَ ؟

رَبِّيَ اللهُ وَهُوَ خَالِقٌ،خَالِقُ الأَرْضِ وَالسَّمَاءِ •بَلْ خَالِقُ كُلِّ شَىْءٍ • لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ • بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْيٍ قَدِيْرٌ • لَيْسَ لَهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَهُوَ مَالِكُ الْمُلْكِ •لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَىْءٌ وَّ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ • كُلُّ أَحَدٍ إِلَيْهِ مُحْتَاجٌ وَّ لَيْسَ لَهٗ إِلٰى أَحَدٍ اِحْتِيَاجٌ وَّهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ • اَللّٰهُ رَبِّيْ وَأَنَا عَبْدُهٗ • اَللّٰهُ رَبُّكَ وَأَنْتَ عَبْدُهٗ • اَللّٰهُ رَبُّ كُلِّ شَىْءٍ وَ هُوَ اِلٰهٌ وَاحِدٌ ،لَيْسَ لَهٗ شَرِيْكٌ وَهُوَ مُحِيْطٌ بِكُلِّ كَافِرٍ وَعَذَابُهٗ بِكُلِّ كَافِرٍ مُلْحِقٌ •وَالْكَافِرُ عَنْهُ غَافِلٌ وَهُوَ مَحْرُوْمٌ •

تمھارا رب کون ہے

ترجمہ:۔ میرا رب اللہ ہے اور وہ پیدا کرنے والا ہے،زمین وآسمان کا پیدا کرنے والا بلکہ ہر چیز کو پیدا کرنے والا ہے۔اسی کے لیے بادشاہی ہے اور اسی کے لیے تعریف ہے،اس کے دست قدرت میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔بادشاہی میں اس کا کوئی شریک نہیں

اور وہ ملک کا مالک ہے۔اس کے مثل کوئی چیز نہیں ہے اور وہ سننے دیکھنے والا ہے۔ہر کوئی اس کا محتاج ہے اور وہ کسی کا محتاج نہیں اور وہ بے نیاز خوبیوں والا ہے۔اللہ میرا رب ہے اور میں اس کا بندہ ہوں۔اللہ آپ کا رب ہے اور آپ اس کے بندے ہیں۔اللہ ہر چیز کا رب ہے اور وہ ایک معبود ہے،اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور وہ ہر کافر کو گھیرے ہوئے ہے،اس کا عذاب ہر کافر کو ملنے والا ہے۔اور کافر اس (اللہ) سے غافل ہے اور وہ بد نصیب ہے۔

جوابات

اَللهُ خَالِقُ الْأَرْضِ • اَللهُ خَالِقُ السَّمَاءِ •نَعَمْ: هُوَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۔ اَلْمُلْكُ لِلهِ • اَلْحَمْدُ لِلهِ •لَيْسَ لَهٗ شَرِيْكٌ • اَللهُ مَالِكُ الْمُلْكِ •نَعَمْ: اَللهُ رَبِّي •نَعَمْ: هُوَ إِلٰهٌ وَاحِدٌ • (**سوال**: أَهُوَ مُحِيْطٌ بِكُلِّ كَافِرٍ ؟) نَعَمْ: هُوَ مُحِيْطٌ بِكُلِّ كَافِرٍ •

عربی بناؤ

اَللهُ مَالِكُ الْأَرْضِ وَالسَّمَاءِ • لَيْسَ لَهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَ هُوَ وَاحِدٌ • اَللهُ رَبِّي وَخَالِقِيْ وَمَالِكِيْ • اَلْقُرْآنُ كَلَامُهٗ • سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ نَبِيُّهٗ وَرَحْمَةٌ لِلْعَالَمِيْنَ • لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ مِنَ الْجِنِّ وَالإِنْسِ • اِسْمُ أَبِيْهِ الْكَرِيْمِ عَبْدُاللهِ وَاِسْمُ أُمِّهِ الْكَرِيْمَةِ آمِنَه رضى الله عنهما •وَهُوَ رَءُوْفٌ وَرَحِيْمٌ بِخَلْقِ اللهِ •

درس (۲۸)

مَسْجِدُ الرَّسُوْلِ بِالْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ

(سَيِّدُنَا)مُحَمَّدُ نِ الْمُصْطَفٰى ﷺ عَبْدُ اللهِ وَرَسُوْلُهٗ ،خُلُقُهٗ عَظِيْمٌ وَشَانُهٗ رَفِيْعٌ وَهُوَ خَيْرُ رَسُوْلٍ ،لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ فِي خَلْقِ اللهِ • مَوْلِدُهٗ مَكَّةُ الْمُكَرَّمَةُ وَهِيَ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ• مُهَاجَرُهٗ مَدِيْنَةٌ مُنَوَّرَةٌ وَهِيَ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ أَيْضًا • هَوَاءُهَا مُعْتَدِلٌ لَا بَارِدٌ وَّلَا حَارٌّ

،وَهُنَاکَ مَسْجِدٌ ،مَسْجِدٌ عَظِيْمٌ وَ هُوَ مَشْهُوْرٌ بِمَسْجِدِ الرَّسُوْلِ وَهُوَ مُبَارَکٌ ، مُبَارَکٌ جِدًّا فِيْهِ مَزَارُ الرَّسُوْلِ ﷺ وَهُوَ مَرْجِعُ الْعَالَمِ •

مسجد نبوی شریف مدینہ منورہ میں

ترجمہ:۔ ہمارے آقا محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں ،ان کے اخلاق عظیم ہیں،ان کا رتبہ بلند ہے اور وہ بہترین رسول ہیں،اللہ کی مخلوق میں کوئی چیز ان کی طرح نہیں ہے۔ان کی جائے پیدائش مکہ مکرمہ ہے اور وہ پاکیزہ شہر ہے۔ان کی ہجرت گاہ مدینہ منورہ ہے اور وہ بھی پاکیزہ شہر ہے،اس کی ہوا معتدل (خوشگوار) ہے نہ ٹھنڈی ہے اور نہ گرم،اور وہاں ایک مسجد ہے بڑی مسجد اور وہ مسجد الرسول کے نام سے مشہور ہے اور وہ بابرکت ہے بہت بابرکت،اس میں رسول کریم ﷺ کی قبر انور ہے اور وہ دنیا کی پناہ گاہ ہے۔

جوابات

نَعَمْ،رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ نِعْمَةُ اللّٰهِ • نَعَمْ،هُوَ رَحِيْمٌ بِخَلْقِ اللّٰهِ •نَعَمْ، مَسْجِدُ الرَّسُوْلِ مُبَارَکٌ • نَعَمْ، اَلْبَيْتُ الْحَرَامُ بَيْتُ اللّٰهِ• نَعَمْ، اَلْقُرْآنُ الْحَكِيْمُ خَيْرُ كِتَابٍ • نَعَمْ، هٰذِهِ الْحَدِيْقَةُ لِعَلِيٍّ • نَعَمْ، اَلْحَيَا ءُ شُعْبَةٌ مِنَ الْإِيْمَانِ •

عربی بناؤ

هٰذِهِ بَلْدَتِی وَهِیَ بَلْدَةٌ كَبِيْرَةٌ • هٰهُنَا مَسْجِدٌ وَهُنَاکَ مَدْرَسَةٌ وَهِیَ جَمِيْلَةٌ • اَلْمَسْجِدُ جَمِيْلٌ جِدًّا وَلَوْنُهٗ أَخْضَرُ • اَلْمَدْرَسَةُ وَاسِعَةٌ جِدًّاوَهِیَ مَشْهُوْرَةٌ بِالْمَدْرَسَةِ الْعَرَبِيَّةِ • هٰذَا لَوْحٌ مِنَ الْحَجَرِ وَلَوْنُهٗ أَسْوَدُ • اَلْمَسْجِدُ النَبَوِیُّ مَسْجِدٌ جَمِيْلٌ وَهُوَ فِی الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ •

درس(۲۹)تمرینی

(۱)

هٰذِهٖ مَدْرَسَتِيْ وَهِيَ وَاسِعَةٌ •هٰذَا بَابُهَا وَهُوَ رَائِعٌ وَذٰلِكَ مَكْتَبُهَا وَهُوَ عَصْرِيٌّ •وَالِدِيْ مُدِيْرُهَا وَمُؤَسِّسُهَا وَهُوَ اَدِيْبُ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ •خُلُقُهٗ طَيِّبٌ وَعَمَلُهٗ صَالِحٌ وَ حَدِيْثُهٗ طَرِيْفٌ وَأَنَا طَالِبٌ فِيْهَا • دِرَاسَتُهَا جَيِّدَةٌ وَنِظَامُهَا بَدِيْعٌ •هٰذَا زَمِيْلِيْ وَهُوَ طَالِبٌ فِيْهَا أَيْضًا•هٰذَا اُسْتَاذُ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ الْجَدِيْدُ وَهُوَ حَرِيْصٌ عَلَى التَّدْرِيْسِ وَ رَءُوْفٌ بِكُلِّ تِلْمِيْذٍ وَالأُسْتَاذُ الْفَارِسِيَّةُ لَيْسَ بِحَاضِرٍ •

میری مشق(۱)

ترجمہ:-

یہ میرا مدرسہ ہے اور وہ کشادہ ہے ۔یہ اس کا دروازہ ہے اور وہ خوشنما ہے وہ اس کا دفتر ہے اور وہ ماڈرن ہے ۔میرے والد اس کے مینیجر اور اس کے بانی ہیں اور وہ عربی زبان کے ادیب ہیں،ان کے اخلاق اچھے ہیں،ان کا عمل نیک ہے،ان کی گفتگو انوکھی ہے اور میں بھی اس میں طالب علم ہوں،اس کی تعلیم اچھی ہے اور اس کا نظام انوکھا ہے،یہ میرا ہم سبق ساتھی ہے اور وہ بھی اس میں طالب علم ہے۔یہ عربی زبان کے نئے استاذ ہیں اور وہ پڑھانے کے گرویدہ ہیں،وہ ہر طالب علم پر مہربان ہیں اور فارسی کے استاذ موجود نہیں ہیں۔

(۲)

فِيْ مَدْرَسَتِيْ حَدِيْقَةٌ جَمِيْلَةٌ وَفِي الْحَدِيْقَةِ كَثِيْرٌ مِنَ الشَّجَرِ اَي : مِنَ التُّفَّاحِ وَالرُّمَّانِ وَالْبُرْتَقَالِ وَالْمَوْزِ وَفِيْهَا نَخْلَةٌ أَيْضًا وَهِيَ شَجَرَةٌ طَوِيْلَةٌ وَلَهَا جِدَارٌ وَهُوَ مُحِيْطٌ بِهَا مِنْ كُلِّ جَانِبٍ وَلَهَا بَابٌ وَاسِعٌ وَهُوَ رَائِعٌ جِدًّا •

(۲)

ترجمہ: میرے مدرسے میں خوب صورت باغ ہے اور باغ میں سیب، انار، سنترہ اور کیلے کے بہت سے درخت ہیں اور اس میں ایک کھجور کا درخت بھی ہے، وہ لمبا درخت ہے اور مدرسہ کی ایک دیوار ہے وہ اسے ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے اور اس کا ایک کشادہ دروازہ ہے اور وہ بھی بہت انوکھا ہے۔

جوابات

هٰذِهِ مَدْرَسَةٌ• فِيْهَا حَدِيْقَةٌ جَمِيْلَةٌ• مَدْرَسَتِيْ جَمِيْلَةٌ• نَعَمْ ،هِيَ وَاسِعَةٌ• نَعَمْ، بَابُهَا رَائِعٌ• نَعَمْ مَكْتَبُهَا عَصْرِيٌّ• نَعَمْ دِرَاسَتُهَا جَيِّدَةٌ•نَعَمْ نِظَامُهَا بَدِيْعٌ • هٰذَا طَالِبٌ• نَعَمْ هُوَ زَمِيْلِيْ• هٰذَا أُسْتَاذٌ• نَعَمْ ،هُوَ أُسْتَاذُ اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ•نَعَمْ هُوَ حَرِيْصٌ عَلَى التَّدْرِيْسِ• نَعَمْ هُوَ رَؤُوْفٌ بِكُلِّ تِلْمِيْذٍ• أُسْتَاذُ اللُّغَةِ الْفَارِسِيَّةِ لَيْسَ بِحَاضِرٍ•

عربی بناؤ

هٰذَا حَبْلٌ وَهُوَ طَوِيْلٌ وَلَوْنُهَا أَصْفَرُ• هٰذَا خَيْطٌ وَلَوْنُهٗ أَبْيَضُ• فِي الدَّلْوِ مَاءٌ وَهُوَ حَارٌّ• اَلتُّفَّاحُ مُفِيْدٌ فِيْ كُلِّ فَصْلٍ• اَلرُّمَّانُ فِيْ فَصْلِ الصَّيْفِ مُفِيْدٌ جِدًّا• اَلتِّيْنُ مُفِيْدٌ فِيْ فَصْلِ الشِّتَاءِ• ذِكْرُ اللهِ رَفِيْعٌ وَهُوَ خَيْرُ شُغْلٍ• رَسُوْلُ اللهِ ﷺ رَؤُوْفٌ رَحِيْمٌ بِأُمَّتِه• هٰذَ الْأُسْتَاذُ رَؤُوْفٌ بِكُلِّ تِلْمِيْذِه• اَللُّغَةُ الْعَرَبِيَّةُ خَيْرُ اللُّغَةِ• فِيْ هٰذِهِ الْحَدِيْقَةِ كَثِيْرٌ مِنَ الْأَزْهَارِ•

درس (۳۰)

مِنَ الْقُرْآنِ الْحَکِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ • وَھُوَ رَبُّ کُلِّ شَیْءٍ •وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ •مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ •لِکُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ •لِکُلِّ أَجَلٍ کِتَابٌ •کُلٌّ فِیْ کِتَابٍ مُبِیْنٍ • مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ • أَلَیْسَ الصُّبْحُ بِقَرِیْبٍ • ذٰلِکَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰہِ •ھٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّیْ • فَلِلّٰہِ الْحَمْدُ •وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ • وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ• وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ حَلِیْمٌ • اَللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ وَھُوَ الْوَاحِدُ الْقَھَّارُ •ذٰلِکَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَةِ •أَلَیْسَ ھٰذَا بِالْحَقِّ •بَلْ ھُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّکَ • لَہٗ الْحَمْدُ فِي الأُوْلٰی وَالاٰخِرَةِ •

قرآن حکیم سے

ترجمہ

تمام تعریف اللہ رب العزت کے لیے ہے۔ اور وہ ہر چیز کا رب ہے،عرش اعظم کا رب ہے۔ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ ہر امت کے لیے ایک وعدہ ہے، ہر وعدہ کے لیے کتاب ہے۔ ہر چیز روشن کتاب میں ہے۔ دنیا کا سامان تھوڑا ہے۔ کیا صبح قریب نہیں ہے۔ وہ اللہ کے فضل سے ہے۔ یہ میرے رب کے فضل سے ہے۔ تو اللہ ہی کے لیے تمام تعریفیں ہیں۔ اور ضرور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور اللہ سننے اور جاننے والا ہے۔ اللہ تعالیٰ جاننے والا اور قابل حلم ہے۔ اللہ ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے اور وہ اکیلا غالب ہے۔ وہ ظاہر و باطن کو جاننے والا ہے۔ کیا یہ حق نہیں ہے؟ بلکہ وہ تمھارے رب کی طرف سے حق ہے۔ اسی کے لیے دنیا اور آخرت میں تعریف ہے۔

جوابات

اَلْحَمْدُ لِلہِ • نَعَمْ:ھُوَ رَبُّ کُلِّ شَیْءٍ • نَعَمْ:لِکُلِّ اَجَلٍ کِتَابٌ • نَعَمْ:اَللّٰہُ غَفُوْرٌ• نَعَمْ:اَللّٰہُ رَحِیْمٌ • نَعَمْ: اَللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیْءٍ • سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ رَسُوْلُ اللّٰہِ•

(**سوال**:أَهُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ؟)نَعَمْ: هُوَ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ •

عربی بناؤ

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ • وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَحِيْمٌ • وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ وَحَكِيْمٌ • لِمَنِ الْمُلْكُ ؟ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ • اَلشَّرْقُ وَالْغَرْبُ لِلّٰهِ • وَهُوَ قَادِرٌ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ وَعَالِمٌ بِكُلِّ شَىْءٍ • هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ • هٰذَا شَىْءٌ عَجِيْبٌ • ذٰلِكَ فَوْزٌ عَظِيْمٌ • اَلْإِسْلَامُ خَيْرُ دِيْنٍ • اَلْقُرْآنُ خَيْرُ كِتَابٍ •

صحیح اعراب لگاکراور ترجمہ کرکے اپنے استاد کو دکھاؤ

تمرین (۱)

هٰذَا مَكْتَبُ الْمَدْرَسَةِ وَ هُوَ جَمِيْلٌ •فِيْهِ أَرِيْكَةٌ وَكُرْسِىٌّ وَطَاوِلَةٌ وَعَلٰى بَابِهٖ سِتْرٌ مُتَلَوِّنٌ •عَلَى الْأَرِيْكَةِ مُدِيْرُ الْمَدْرَسَةِ وَهُوَ مُؤَسِّسُهَا أَيْضًا وَفِيْ جَيْبِهٖ قَلَمُ الْحِبْرِ وَهُوَ ثَمِيْنٌ وَفِيْ يَدِهٖ هَاتِفٌ جَوَّالٌ وَ هُوَ رَائِعٌ وَعَلَى الْكُرْسِىِّ أُسْتَاذٌ جَدِيْدٌ اِسْمُهٗ سُلَيْمَانُ وَهُوَ اَدِيْبٌ وَعَلَى الطَّاوِلَةِ إِبْرِيْقٌ وَكَأسٌ وَأَصِيْصٌ وَمِحْبَرٌ •فِى الْإِبْرِيْقِ مَاءٌ بَارِدٌ وَفِى الْكَأسِ لَبَنٌ حَارٌّ وَفِى الْأَصِيْصِ غَرْسٌ وَعَلَى الْغَرْسِ زَهْرٌ وَالْغَرْسُ أَخْضَرُ وَالزَّهْرُ أَحْمَرُ كَالْوَرْدِ وَفِى الْمِحْبَرِ ،حِبْرٌ أَسْوَدُ وَالْحِبْرُ الْأَسْوَدُ رَخِيْصٌ •

ترجمہ:

یہ مدرسہ کا مکتب ہے اور وہ خوب صورت ہے۔اس میں صوفہ،کرسی اور میز ہے اور اس کے دروازہ پر ایک رنگین پردہ ہے۔صوفہ پر مدرسہ کا مینیجر ہے اور وہ اس کا بانی بھی ہے،اس کی جیب میں فونٹن پن ہے اور وہ قیمتی ہے،اس کے ہاتھ میں موبائیل فون ہے اور وہ خوشنما ہے ،کرسی پر نیے استاد ہیں ان کا نام سلیمان ہے اور وہ ادیب ہیں،میز پر جگ،گلاس،گملا اور دوات

ہے۔جگ میں ٹھنڈا پانی ہے اور گلاس میں گرم دودھ ہے، گملے میں پودا ہے اور پودے پر پھول ہے، پودا ہرا ہے اور پھول گلاب کی طرح سرخ ہے، دوات میں کالی روشنائی ہے اور کالی روشنائی سستی ہے۔

تمرین (۲)

مَنْ هٰذَا ؟ هٰذَا طَالِبٌ وَهُوَ صَالِحٌ • كَيْفَ خُلْقُهُ ؟خُلْقُهُ طَيِّبٌ • مَا هِوَايَتُهُ ؟ هِوَايَتُهُ اَلْقِرَاءَةُ وَالْكِتَابَةُ • مَابِيدِهِ ؟ بِيَدِهِ " مِفْتَاحُ الْعَرَبِيَّةِ " وَهُوَ كِتَابٌ مُفِيْدٌ لِكُلِّ طَالِبٍ مِنَ الذَكِيِّ وَالْغَبِيِّ وَكُلُّ دَرْسٍ مِنْهُ سَهْلٌ لَا صَعْبٌ وَهُوَ فِي اللُّغَةِ الْعَرَ بِيَّةِ •اَللُّغَةُ الْعَرَبِيَّةُ خَيْرُ لُغَةٍ وَتَعْلِيْمُهَا ضَرُوْرِيٌّ لِكُلِّ مُسْلِمٍ وَمُسْلِمَةٍ •

ترجمہ: یہ کون ہے ؟یہ طالب علم ہے اور وہ نیک ہے۔اس کے اخلاق کیسے ہیں ؟اس کے اخلاق اچھے ہیں۔اس کا محبوب مشغلہ کیا ہے؟اس کا محبوب مشغلہ پڑھنا اور لکھنا ہے۔اس کے ہاتھ میں کیا ہے ؟اس کے ہاتھ میں "مفتاح العربیہ" ہے اور وہ ذہین اور کند ذہن ہر طالب علم کے لیے مفید کتاب ہے،اس کا ہر سبق آسان ہے مشکل نہیں ہے اور وہ عربی زبان میں ہے ،عربی زبان بہترین زبان ہے ،اس کی تعلیم ہر مسلمان مرد و عورت کے لیے ضروری ہے۔

مَنْ هٰذِهِ؟ هٰذِهِ بِنْتٌ وَهِيَ صَالِحَةٌ جِدًّا • مَااِسْمُهَا ؟اِسْمُهَا سَلْمٰی • كَيْفَ بَيْتُهَا ؟ بَيْتُهَا عَصْرِيٌّ جَمِيْلٌ •

ترجمہ:-

یہ کون ہے ؟ یہ لڑکی ہے اور وہ بہت نیک ہے۔اس کا نام کیا ہے ؟اس کا نام سلمی ہے ۔اس کا گھر کیسا ہے ؟اس کا گھر خوب صورت ماڈرن ہے۔

مَنْ أَنْتَ؟ يَاوَلَدُ ! أَنَا طَالِبٌ فِي الْمَدْرَسَةِ الْإِسْلَامِيَّةِ •كَيْفَ مَدْرَسَتُكَ

؟ وَكَيْفَ دِرَاسَتُهَا؟ مَدْرَسَتِي جَمِيْلَةٌ وَدِرَاسَتُهَا جَيِّدَةٌ وَهِيَ مَشْهُوْرَةٌ فِي الْبَلَدِ ،مَشْهُوْرَةٌ جِدًّا •

مَنْ أَنْتِ يَا بِنْتُ ؟أَنَا طَالِبَةٌ • أَأَنْتَ مُسْلِمَةٌ ؟ نَعَمْ، أَنَا مُسْلِمَةٌ •مَا اِسْمُ وَالِدِكِ ؟اِسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ •

ترجمہ:-

توکون ہے اے لڑکے !؟میں مدرسہ اسلامیہ کا طالب علم ہوں۔تیرا مدرسہ کیسا ہے ؟اور اس کی تعلیم کیسی ہے ؟میرا مدرسہ خوب صورت ہے اس کی تعلیم اچھی ہے اور وہ شہر میں بہت مشہور ہے۔

توکون ہے اے لڑکی ! ؟میں طالبہ ہوں۔کیا تو مسلمان ہے ؟ہاں:میں مسلمان ہوں ۔تیرے والد کا نام کیا ہے ؟ان کا نام عبداللہ ہے۔

مَا هٰذَا ؟ وَمَا فِيْهِ ؟ هٰذَا بَيْتٌ وَفِيْهِ :جَمَلٌ وَبَقَرٌ وَجَامُوسٌ وَضَأْنٌ وَشَاةٌ وَفَرَسٌ وَحِمَارٌ وَكَلْبٌ وَقِطَّةٌ •أَيْنَ السَّلَّةُ ؟ هِيَ عَلَى الطَّاوِلَةِ • مَا فِيْهَا ؟ فِيْهَا :تِيْنٌ وَتُفَّاحٌ وَرُمَّانٌ وَبُرْتَقَالٌ وَمَوْزٌ وَبَصَلٌ وَثُوْمٌ وَفِلْفِلٌ •

مَاهٰذِهِ ؟ وَمَا فِيْهَا ؟ هٰذِهِ حَقِيْبَةٌ وَفِيْهَا :قُبَّعَةٌ وَقَلَنْسُوَةٌ وَقَمِيْصٌ وَ سَاعَةٌ وَفِيْهَا :قَلَمُ الْحِبْرِ وَقَلَمُ الرَّصَاصِ وَكَشَّافُ الضَوْءِ أَيْضًا •

ترجمہ:

یہ کیا ہے ؟اور اس میں کیا ہے ؟ یہ گھر ہے اور اس میں اونٹ ، گائے ، بھینس ، بھیڑ ،بکری، گھوڑا، گدھا، کتا اور بلی ہے۔ٹوکری کہاں ہے ؟وہ میز پر ہے۔اس میں کیا ہے ؟اس میں انجیر، سیب، انار، سنترہ، کیلا، پیاز، لہسن اور مرچ ہے۔

یہ کیا ہے ؟اور اس میں کیا ہے ؟ یہ بیگ ہے اور اس میں ٹوپ ،ٹوپی، قمیص/کرتا اور گھڑی ہے۔اور اس میں فونٹن پن، پنسل اور لائٹ بھی ہے۔

فهرس الفاظ الجزء الاول ومعانيها

درس(۱)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اِنَاءٌ:ج،آنِيَةٌ	برتن	بَصَلٌ	پیاز
ثُوْمٌ	لہسن	تُفَّاحٌ	سیب
جَبَلٌ:ج،جِبَالٌ	پہاڑ	حَبْلٌ:ج،حِبَالٌ	رسی
خَيْطٌ:جِ،خُيُوْطٌ	دھاگا	دَلْوٌ:ج،دِلَاءٌ	بالٹی
ذَهَبٌ	سونا	رُمَّانٌ	انار
زَهْرٌ	پھول	سَرْجٌ	زین
شَجَرٌ: ج، أَشْجَارٌ	درخت	صِدَارٌ	واسکٹ
ضَرْعٌ:ج،ضُرُوْعٌ	تھن	طُوْبٌ:ج،أَطْوَابٌ	اینٹ
ظَرْفٌ:ج،ظُرُوْفٌ	برتن	عِنَبٌ:ج،أَعْنَابٌ	انگور
غَرْسٌ:ج،أَغْرَاسٌ	پودا	قُفْلٌ:ج،أَقْفَالٌ	تالا
كُرْسِيٌّ:ج،كَرَاسِيٌّ	کرسی	لَوْزٌ	بادام
مِفْتَاحٌ:ج،مَفَاتِيْحُ	چابی	نَجْمٌ:ج،نُجُوْمٌ	ستارا
وَرْدٌ	گلاب	هِلَالٌ:ج،أَهِلَّةٌ	چاند
يَرَاعٌ	قلم (نیزے کا)	فِلْفِلٌ	مرچ

درس(۲)

اَبٌ:ج،آبَاءُ	باپ	عَمٌّ:ج،أَعْمَامٌ	چچا
خَالٌ:ج،أَخْوَالٌ	ماموں	فَرَسٌ:ج،أَفْرَاسٌ	گھوڑا
اَخٌ:ج،إِخْوَانٌ	بھائی	حَارِسٌ:ج،حُرَّاسٌ	چوکیدار
لَحْمٌ:ج،لُحُوْمٌ	گوشت	جَرَسٌ:ج،أَجْرَاسٌ	گھنٹی
خَاتَمٌ:ج،خَوَاتِيْمُ	مہر	سِكِّيْنٌ:ج،سَكَاكِيْنُ	چھری،چاقو
قِطَارٌ:ج،قُطُرٌ	ریل	مِقْرَاضٌ:ج،مَقَارِيْضُ	قینچی
مَلِكٌ:ج،مُلُوْكٌ	بادشاہ	حَدِيْدٌ	لوہا،تیز
سُكَّرٌ	چینی/شکر	طِفْلٌ:ج،أَطْفَالٌ	بچہ
ضَيْفٌ:ج،ضُيُوْفٌ	مہمان	سَاعَةٌ:ج،سَاعَاتٌ	گھنٹا

درس(۳)

طَرِيٌّ	تازہ	طَعَامٌ:ج،أَطْعِمَةٌ	کھانا
بَائِتٌ(ن)	باسی	حُلْوٌ	میٹھا
حَامِضٌ(ک)	کھٹا	جَائِعٌ:ج،جِيَاعٌ(ن)	بھوکا
بَقْلٌ:ج،بُقُوْلٌ	سبزی	سُوَالٌ:ج،أَسْئِلَةٌ	سوال
سَهْلٌ:ج،سُهُوْلٌ	آسان	جَوَابٌ:ج،أَجْوِبَةٌ	جواب
صَعْبٌ	سخت	بُرْتُقَالٌ	سنترہ
مَوْزٌ	کیلا	طَوِيْلٌ	لمبا
مُبَارَكٌ	بابرکت	قَصِيْرٌ	پست قد،ناٹا

كَلْبٌ:ج،كِلَابٌ	کتا	مَاءٌ:ج،مِيَاهٌ	پانی
كَاتِبٌ:ج،كَتَبَةٌ	کلرک	عَاطِشٌ(س)	پیاسا
قِرْدٌ:ج،قُرُوْدٌ	بندر	مَهَنْدِسٌ	انجینئر
قَبِيْحٌ	بدصورت	جَمِيْلٌ	خوب صورت

درس(۴)

هٰذَا	یہ	قَفَصٌ:ج،أَقْفَاصٌ	پنجرہ
مِنْظَارٌ:ج،مَنَاظِيْرُ	دوربین	اَصِيْصٌ:ج،أُصُصٌ	گملا
مِصْبَاحٌ:ج،مَصَابِيْحُ	چراغ	ذٰلِكَ	وہ
إِبْرِيْقٌ:ج،أَبَارِيْقُ	لوٹا،جگ	لَوْحٌ:ج،أَلْوَاحٌ	تختی
درْسٌ:ج،دُرُوْسٌ	سبق	تَمْرِيْنٌ:ج،تَمْرِيْنَاتٌ	مشق

درس(۵)

أَرِيْكَةٌ:ج،أَرَائِكُ	صوفہ	طَاوِلَةٌ:ج،طَاوِلَاتٌ	میز
سَاعَةٌ:ج،سَاعَاتٌ	گھڑی	قَلَنْسُوَةٌ:ج،قَلَانِسُ	ٹوپی
دَرَّاجَةٌ:ج،دَرَّاجَاتٌ	سائیکل	أُسْطُوَانَةٌ:ج،أُسْطُوَانَاتٌ	ستون،سلنڈر
حَقِيْبَةٌ:ج،حَقَائِبُ	بیگ،سوٹ کیس	جَمَلٌ:ج،جِمَالٌ	اونٹ
نَاقَةٌ:ج،اَنْوُقٌ وَنُوْقٌ	اونٹنی	قُبَّعَةٌ:ج،قُبَّعَاتٌ	ٹوپ
مِحْفَظَةٌ:ج،مَحَافِظُ	بستہ	تِلْكَ	وہ(مؤنث)

درس (٦)

مَنْ	کون، جو، مفرد و جمع ذوی العقول کے لیے	وَلَدٌ: ج، أَوْلَادٌ	لڑکا
		رَجُلٌ: ج، رِجَالٌ	آدمی
بِنْتٌ	لڑکی	غُرَابٌ: ج، غِرْبَانٌ	کوّا
اِمْرَأَةٌ: ج، نِسَاءٌ	عورت	يَقْطِيْنَةٌ: ج، يَقْطِيْنٌ	کدو (لوکی)
حِمَارٌ: ج، حَمِيْرٌ	گدھا	مَاذَا	کیا
خُبْزٌ: ج، اَخْبَازٌ	روٹی، چپاتی		

درس (٧)

كُرَّاسَةٌ: ج، كَرَّاسَاتٌ	کاپی	كَلْبَةٌ	کتیا
قِطٌّ: ج، قِطَطَةٌ	بلوٹا	قِطَّةٌ: ج، قِطَطٌ	بلی
فَرَسٌ: ج، أَفْرَاسٌ	گھوڑا	فِيْلٌ: ج، أَفْيَالٌ	ہاتھی
شَاةٌ: ج، شِيَاهٌ	بکری	ضَأْنٌ	بھیڑ، بکری
أَثْلٌ: ج، آثَالٌ	جھاؤ	سِدْرٌ: ج، سِدَرٌ	بیری
بَقَرٌ	گائے (مذکر و مؤنث دونوں کے لیے)	عِجْلٌ: ج، عُجُوْلٌ	بچھڑا

درس (٨)

أَنَا	میں	أَنْتَ	تو
اِبْنٌ: ج، اَبْنَاءُ	بیٹا	جَدٌّ: ج، أَجْدَادٌ	دادا
حَفِيْدٌ: ج، حَفَدَاءُ	پوتا، نواسا	أُمٌّ: ج، أُمَّهَاتٌ	ماں
جَدَّةٌ: ج، جَدَّاتٌ	دادی	لَاعِبٌ	کھلاڑی

درس(۹)

مِنْ	سے	بَيْتٌ:ج،بُيُوْتٌ	گھر
فِيْ	میں	حَدِيْقَةٌ:ج،حَدَائِقُ	باغ
أَرْضٌ:ج،أَرَاضٍ	زمین	سَمَاءٌ:ج،سَمَاوَاتٌ	آسمان
طَاوِلَةٌ:ج،طَاوِلَاتٌ	میز	قِدْرٌ:ج،قُدُوْرٌ	دیگچی
لَبَنٌ:ج،أَلْبَانٌ	دودھ	جَيْبٌ:ج،جُيُوْبٌ	جیب
اَسَدٌ:ج،أُسُوْدٌ	شیر	قَمَرٌ:ج،اَقْمَارٌ	چاند
عَسْكَرِيٌّ	فوجی،سپاہی	كَأسٌ:ج،أَكْوَاسٌ	گلاس
جِدَارٌ:ج،جُدُرٌ	دیوار	حَمَامٌ:ج،حَمَائِمُ	کبوتر
سَقْفٌ:ج،سُقُوْفٌ	چھت	بَبْغَاءُ:ج،بَبْغَاوَاتٌ	طوطا
قَفَصٌ:ج،اَقفَاصٌ	پنجرہ	طَائِرٌ:ج،طُيُوْرٌ	پرندہ
فَوْزٌ	کامیابی	مُجْتَهِدٌ	محنتی

درس(۱۰)

اَيْنَ	کہاں	مِشْكٰوةٌ	طاق
سَمَكٌ:ج،أَسْمَاكٌ	مچھلی	عَلٰى	پر
كَيْفَ	کیسا	وَاسِعٌ	کشادہ
لِ	لیے	سَلَّةٌ:ج،سِلَالٌ	ٹوکری
قَرَاحٌ	صاف	جَمِيْلٌ	خوب صورت

درس(۱۱)

أُسْتَاذٌ:ج،أَسَاتِذَةٌ	استاذ،پروفیسر	هَلْ	کیا

نَعَمْ	ہاں	مَا	کیا

درس(۱۲)

جَالِسٌ(ض)	بیٹھنے والا (اسم فاعل)	تِلْمِيْذٌ:ج،تَلَامِيْذُ	شاگرد
قَائِمٌ(ن)	کھڑا ہونے والا (اسم فاعل)	شَارِعٌ:ج،شَوَارِعُ	سڑک
حَافِلَةٌ:ج،حَافِلَاتٌ	بس	وَاقِفٌ(ض)	کھڑا ہونے والا، اسم فاعل
مُعَلِّمَةٌ:ج،مُعَلِّمَاتٌ	استانی	مُشْتَغِلٌ(افتعال)	مشغول ومصروف
قَرَاءَةٌ	پڑھنا (مصدر،ض)	كِتَابَةٌ	لکھائی، تحریر
لَعِبٌ:ج،اَلْعَابٌ	کھیل	بَحْرٌ:ج،بِحَارٌ	سمندر
عَمِيْقٌ	گہرا	عَالَمٌ	دنیا

درس(۱۳)

قَمِيْصٌ	کرتا	أَبْيَضُ	سفید
أَسْوَدُ	کالا	أَصْفَرُ	پیلا
رَخِيْصٌ	سستا	أَحْمَرُ	سرخ
ثَمِيْنٌ	قیمتی	حَجَرٌ:ج،أَحْجَارٌ	پتھر

درس(۱۴)

رَسْمٌ:ج،رُسُوْمٌ	تصویر	جَمِيْلٌ	خوب صورت
حَيَوَانٌ:ج،حَيَوَانَاتٌ	جاندار (جانور)	بَغْلٌ:ج،بِغَالٌ	خچر
مِحْبَرٌ:ج،مَحَابِرُ	دوات	حِبْرٌ	روشنائی

درس(۱۵)

كَشَّافُ الضَّوْءِ	لائٹ	صَوْتٌ:ج،أَصْوَاتٌ	آواز
خُرْطَوْمٌ:ج،خَرَاطِيْمُ	سونڈ	عُنُقٌ:ج،أَعْنَاقٌ	گردن
ذَكِيٌّ:ج،أَذْكِيَاءُ	ذہین، ہوشیار	نَظِيْفٌ	ستھرا
طَالِبَةٌ:ج،طَالِبَاتٌ	متعلمہ، شاگردہ	كُتَّابٌ:ج،كَتَاتِيْبُ	مکتب
لَوْنٌ:ج،أَلْوَانٌ	رنگ	قَصِيْرٌ	چھوٹا، پست قد
صَهِيْلٌ	ہنہنانا	قَلَمُ الْحِبْرِ	فونٹن پن
قَلَمُ الرَّصَاصِ	پنسل	كُرَةُ الْقَدَمِ	فٹبال
مُتَلَوِّنٌ	رنگین	أُسْطَوَانَةُ الْغَازِ	گیس سلنڈر

درس(۱۶)

اُخْتٌ:ج،اَخَوَاتٌ	بہن	اِسْمٌ:ج،اَسْمَاءُ	نام
عَبْدٌ:ج،عِبَادٌ	غلام، بندہ	رَسُوْلٌ:ج،رُسُلٌ	پیغام رساں
خَيْرٌ:ج،أَخْيَارٌوَخُيُوْرٌ	بھلائی، بہتر	هِوَايَةٌ:ج،هِوَايَاتٌ	شوق

درس(۱۷)

مِنْقَارٌ:ج،مَنَاقِيْرُ	چونچ	بَبْغَاءُ:ج،بَبْغَاوَاتٌ	طوطا(مذکر ومؤنث)
سِتَارٌ:ج،سَتَائِرُ	پردہ، غلاف	بَابٌ:ج،أَبْوَابٌ	دروازہ
ثَوْرٌ:ج،ثِيْرَانٌ	بیل	قَصِيْرٌ	ناٹا، پست قد

درس(۱۸)

أَحَدٌ:ج،آحَادٌ	ایک،کوئی	مَتَاعٌ:ج،أَمْتِعَةٌ	سامان
كَثِيْرٌ	زیادہ	طَاهِرٌ	پاک
عَذْبٌ	میٹھا	قِطَارٌ:ج،قُطُرٌ	ریل،ٹرین
سَرِيْعٌ	تیز،فاسٹ	شَامِخٌ	بلند/اونچا
طِفْلٌ:ج،أَطْفَالٌ	بچہ	عَاطِشٌ(س)	پیاسا
خَبِيْرٌ	خبر رکھنے والا،جاننے والا	نَجِسٌ	ناپاک
مِلْحٌ	نمکین،کھاری	قَلِيْلٌ	کم

درس(۱۹)

اَيٌّ	کون سا(کیا)	شَيْءٌ:ج،أَشْيَاءُ	چیز
كُلٌّ	ہر،سب	شُغْلٌ:ج،أَشْغَالٌ	کام
فَصْلٌ:ج،فُصُوْلٌ	موسم	مُعْتَدِلٌ	خوش گوار،درمیانہ
فَصْلُ الرَّبِيْعِ	موسم بہار	حَارٌّ	گرم
فَصْلُ الصَّيْفِ	موسم گرما	بَارِدٌ	ٹھنڈا
فَصْلُ الشِّتَاءِ	موسم سرما	مُفِيْدٌ	فائدہ مند(کارآمد)
شَاغِلٌ	مشغول	نَابِحٌ	بھونکنے والا
صَاهِلٌ	ہنہنانے والا	نَاهِقٌ	رینکنے والا

درس(۲۰)

هَزِيْلٌ:ج،هُزَلَاءُ	دبلا	سَمِيْنٌ:ج،سُمَنَاءُ	موٹا
وَفِيٌّ:ج،أَوْفِيَاءُ	وفادار	دَرْسٌ:ج،دُرُوْسٌ	سبق

طَالِبٌ:ج،طُلَّابٌ	شاگرد	أَنُوْفٌ	خوددار، غیرت مند

درس(۲۱)

أَيْضًا	بھی	إِلٰى	تک
ذَاهِبٌ	جانے والا	مَسْجِدٌ:ج،مَسَاجِدُ	مسجد
لِمَاذَا	کیوں	يَدٌ:ج،أَيْدِيْ	ہاتھ

درس(۲۲)

لَبُوْنٌ:ج،لَبُوْنٌ	دودھ والا جانور	مَطَارٌ:ج،مَطَارَاتٌ	ہوائی اڈہ، ایر پورٹ
رَائِعٌ	خوشنما	سِتْرٌ	پردہ، آڑ، رکاوٹ
جَامُوْسٌ:ج،جَوَامِيْسُ	بھینس	دَارِسٌ	ریسرچ اسکالر
هُدْهُدٌ	ایک پرندہ	قَوْمِيٌّ	عوامی، نیشنل
مَحْبُوْبٌ	پیارا	نَاجِحٌ	کامیاب
كَسْلَانُ	سست	سَاقِطٌ	فیل

درس(۲۳)

حَدِيْثٌ:ج،أَحَادِيْثُ	بات/گفتگو	صَوَابٌ	درست
سَيْفٌ:ج،سُيُوْفٌ	تلوار	حَدِيْدٌ	لوہا، تیز
صَالِحٌ	نیک	صَانِعٌ:ج،صُنَّاعٌ	کاریگر
تِيْنٌ	انجیر	لَذِيْذٌ	اچھا، ذائقہ دار

درس(۲۴)

لِقَاءٌ	ملاقات	مَحَطَّةٌ:ج،مَحَطَّاتٌ	ریلوے اسٹیشن
شَابٌّ:ج،شُبَّانٌ	جوان	قَادِمٌ	آنے والا

لُغَةٌ:ج،لُغَاتٌ	زبان	حَیٌّ:ج،أَحْیَاءُ	محلہ،زندہ
قِلْعَةٌ:ج،قِلَاعٌ	قلعہ	مَعْرُوْفٌ	مشہور
اَلْمَعْبَدُ الْهِنْدُوْكِيُّ	مندر	اَلْجَامِعُ:ج،جَوَامِعُ	جامع مسجد
مُسَافِرٌ	جانے والا،روانہ ہونے والا	هُوَ	وہ

درس(۲۵)

أ	کیا	لَیْسَ	نہیں
بَلٰی	کیوں نہیں	عَصِیْرٌ	جوس
مُهَذَّبٌ	باادب،باتہذیب	شَهِيٌّ	مرغوب

درس(۲۶)

عَتِیْقٌ	پرانا،بزرگ،قدیم	أَوَّلُ	پہلا
اَفْضَلُ	بہترین	مِثْلُ	طرح
عَالَمٌ	دنیا	حَجَرٌ:ج،أَحْجَارٌ	پتھر
مَنْزِلَةٌ	درجہ،مقام	رَفِیْعٌ	بلند
مُحِبٌّ	محبت کرنے والا	زَائِرٌ	زیارت کرنے والا
یَوْمٌ:ج،أَیَّامٌ	دن	جَزَاءٌ	بدلہ

درس(۲۷)

رَبٌّ:ج،أَرْبَابٌ	پالنے والا،مالک	خَالِقٌ	پیدا کرنے والا
مُلْكٌ	بادشاہی	حَمْدٌ	تعریف،خوبی
شَرِیْكٌ:ج،شُرَكَاءُ	ساجھی	سَمِیْعٌ	سننے والا
بَصِیْرٌ	دیکھنے والا	غَنِيٌّ	بے نیاز

حَمِيْدٌ	خوبیوں والا	إِلٰهٌ:ج،آلِهَةٌ	معبود
مُلْحِقٌ	ملنے والا	مُحِيْطٌ	گھیرنے والا
مَحْرُوْمٌ	بدنصیب،محروم	هُوَ	وہ

درس(۲۸)

سَيِّدٌ:ج،سَادَةٌ	سردار،آقا	خُلُقُ؛ج،أَخلَاق	آداب
شَأنٌ:ج،شُئُوْنٌ	مرتبہ	خَيْرٌ	بہتر،بھلائی
خَلْقٌ	مخلوق	مَوْلِدٌ	جاے پیدائش
مُهَاجَرٌ	جاے ہجرت	بَلْدَةٌ	شہر
طَيِّبَةٌ	پاکیزہ	هُنَاكَ	وہاں
جِدًّا	بہت	مَرْجِعٌ	رجوع گاہ(جاے پناہ)

درس(۲۹)

مَدْرَسَةٌ:ج،مَدَارِسُ	مدرسہ	وَاسِعٌ	کشادہ
مَكْتَبٌ:ج،مَكَاتِبُ	دفتر	عَصْرِيٌّ	ماڈرن
مُؤَسِّسٌ	بانی	مُدِيْرٌ	مینیجر
طَرِيْفٌ	انوکھا	دِرَاسَةٌ	تعلیم
جَيِّدٌ	عمدہ	بَدِيْعٌ	انوکھا
حَرِيْصٌ	بہت گرویدہ،شائق	رَءُوْفٌ	مہربان
نَخْلَةٌ	کھجور کا درخت	جِدَارٌ:ج،جُدُرٌ	دیوار

درس(۳۰)

أُمَّةٌ:ج،أُمَمٌ	قوم،عوام	أَجَلٌ:ج،آجَالٌ	وعدہ،موت
مُبِيْنٌ	روشن	قَلِيْلٌ	کم
غَفُوْرٌ	بخشنے والا	حِلْمٌ	حلم والا
قَهَّارٌ	غالب	غَيْبٌ:ج،غُيُوْبٌ	پوشیدہ
شَهَادَةٌ	ظاہر	أُوْلٰی	دنیا

راقم الحــروف کی دواور کتابیں ’’مصباح العربیۃ شرح منہاج العربیۃ اول، دوم، سوم‘‘ منظرعـام پرآچکی ہیں،اور ایک کتاب ’’معارف الادب شرح محبانی الادب ‘‘عربی عبارت پراعراب،حل لغات، مادہ وہفت اقسام کی تعیین ،سلیس اردو ترجمہ اور مزید معلومات کے ساتھ منظرعام پرآچکی ہے۔’’مصباح الطالبین ترجمہ منہاج العابدین ‘‘زیرطبع ہے۔

محمد گل ریز رضا مصباحی
مدناپوری،بہیڑی،بریلی شریف یوپی

تعارف مترجم ایک نظر میں

(بقلم خود)

نام ونسب: محمد گل ریز بن امیر دولھا بن وزیر خاں۔ **وطن:** مدنا پور، پوسٹ شیش گڑھ، بہیڑی، بریلی شریف یوپی۔ **تاریخ پیدائش:** ۱۰/ نومبر ۱۹۹۰ بروز ہفتہ

جن مدارس میں تعلیم حاصل کی:

(۱)-مدرسہ دار العلوم غریب نواز مدنا پور (پرائمری درجات)

(۲)-مدرسہ اشرف العلوم شیش گڑھ، رام پور (درجۂ حفظ)

(۳)-مدرسہ عالیہ نعمانیہ غریب نواز شیش گڑھ، رام پور (درجۂ اعدادیہ)

(۴)-مدرسہ الجامعۃ القادریہ رچھا بریلی شریف (درجۂ اولی، ثانیہ)

(۵)-مدرسہ دار العلوم علیمیہ جمدا شاہی ضلع بستی یوپی (درجۂ ثالثہ، رابعہ)

(۶)- دار العلوم اہل سنت الجامعۃ الاشرفیہ مصباح العلوم مبارک پور اعظم گڑھ (خامسہ، سادسہ، سابعہ، فضیلت، تحقیق فی الادب و مشق افتاء)

(۷)-جامعہ سعدیہ کاسر کوڈ کیرالا (ڈپلومہ عربی ایک سال)

فراغت: دار العلوم اہل سنت الجامعۃ الاشرفیہ مصباح العلوم مبارک پور اعظم گڑھ یکم جمادی الاخری ۱۴۳۶ھ، مطابق ۲۲/ مارچ ۲۰۱۵ء بروز اتوار

اسناد: (۱) مولوی (۲) عالم (۳) کامل (مدرسہ تعلیمی بورڈ اتر پردیش)

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان دہلی: (۱)-ایک سالہ کمپیوٹر کورس **(۲)**-عربی ڈپلومہ کورس دو سالہ **(۳)**- اردو ڈپلومہ کورس ایک سالہ **(۴)**-انٹر، ہندی)

تدریسی خدمات: جامعہ قادریہ مجیدیہ بشیر العلوم محلہ قریشیان قصبہ بھوج پور، مراد آباد یوپی تاحال۔

شرف بیعت: پیر طریقت رہبر شریعت قاضی القضاۃ فی الھند حضور اختر رضا خاں صاحب قبلہ الملقب بہ تاج الشریعہ بریلی شریف۔

قلمی خدمات

(۱)-مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ اول (مطبوع)

(۲)-مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ دوم (مطبوع)

(۳)-مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ سوم (مطبوع)

(۴)-مشکوٰۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ اول (مطبوع)
(۵)-مشکوٰۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ دوم (مطبوع)
(۶)-مصباح الطالبین ترجمہ منہاج العابدین (غیر مطبوع)
(۷)-علم صرف کے آسان قواعد (مطبوع)
(۸)-اہم تراکیب اور ان کا حل (غیر مطبوع)
(۹)-حیاۃ حافظ الملۃ وخدماتہ، عربی ۱۰۰ صفحات (غیر مطبوع)
(۱۰)-مفتاح الاِنشاء شرح مصباح الاِنشاء اول (مطبوع)
(۱۱)-متفرق مسائل کا مجموعہ (غیر مطبوع)
(۱۲)-معارف الادب شرح مجانی الادب (مطبوع) اور ان کے علاوہ کچھ کتابوں پر کام جاری ہے۔

محمد گل ریز رضا مصباحی مدنا پوری بریلی شریف یوپی
Mob:8057889427,9458201735

Mishqatul Arabia
Sharah
Miftahul Arabia

راقم الحروف کی دواور کتابیں ''مصباح العربیۃ شرح منہاج العربیۃ۔اول،دوم'' منظرعام پر آچکی ہیں، ''مشکوٰۃ العربیۃ شرح مفتاح العربیۃ اور،دوم'' طباعت کے مرحلہ میں ہے،اور ایک کتاب ''معارف الادب شرح مجانی الادب'' عربی عبارت پر اعراب،حل لغات،سلیس اردو ترجمہ اور مزید معلومات کے ساتھ جلد ہی منظرعام پر آنے والی ہے۔''مصباح الطالبین ترجمہ منہاج العابدین'' زیر طبع ہے۔

راقم الحروف

محمد گل ریز رضا مصباحی

مدن پور، بہیڑی، بریلی شریف، یوپی، Mob.: 8057889427

Qadri Kitab Ghar

35, Islamia Market, Bareilly-243003

Mob.: 9412536097, 9359936126

Rs. 40/-